753 ـ جب دوران سال نیا مال کمایا ہو تو اس کی زکاۃ کا حکم کیا ہے ؟

سوال

اگر ایك شخص کے پاس سال کے شروع میں دس ہزار ڈالر نصاب سے زائد ہوں، اور سال کے آخر میں اس کے پاس پانچ ہزار ڈالر کا اضافہ ہو جائے یعنی ساری رقم پندرہ ہزار ڈالر ہو تو یہ پانچ ہزار ڈالر سال کی ابتدا میں اس کی ملکیت نہ تھے، تو کیا وہ دس ہزار ڈالر کی زکاۃ ادا کرے یا کہ پندرہ ہزار ڈالر کی، وضاحت کے ساتھ بیان کریں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

زکاۃ صرف رقم پر ہے جس پر سال مکمل ہوا ہے اور وہ دس ہزار ڈالر ہے لیکن اگر یہ اضافی پانچ ہزار ڈالر کی رقم اس اصل رقم کا نتیجہ اور منافع ہو تو اس وقت اس کا سال اصل مال کا سال ہی شمار کیا جائے گا، تو ان پندرہ ہزار ڈالر میں زکاۃ واجب ہو گی.

واللہ اعلم .